# MULTI PROFESSIONALS CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY, ISLAMABAD

mpchs

Ref: MP/MC/MG/TG/E-11/ROS/AGM-35/2022 Date 30-12-2022

## کاروائی جنرل باڈی میٹنگ

مورخہ 28-12-2022 بروز بدھ دن 12:30 بجے ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (MPCHS) رجسٹرڈ اسلام آباد کی سکیموں ''اسلام آباد گارڈنز'' فیز-i سیکٹر E-11/3 ۔ فیز-ii سیکٹر E-11/1 ''ٹیلی گارڈنز'' سیکٹر F-17 ۔ ''ملٹی گارڈنز'' B-17 سکیم فیز-i ۔ ملٹی گارڈنز سکیم فیز-ii اور ''ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم'' کے ممبران کا سالانہ اجلاس عام (AGM) بمقام ''ملٹی گارڈنز B-17 سکیم'' بلاک G کے مرکز میں منعقد ہوا۔ سالانہ اجلاس عام کی اطلاع ممبران کو بذریعہ نیوز لیٹر مورخہ 6 دسمبر 2022 کے علاوہ اخبارات روز نامہ جنگ راولپنڈی۔ روز نامہ ایکسپریس اسلام آباد۔ روز نامہ دی نیوز۔ روز نامہ نوائے وقت اور روز نامہ ملٹی نیوز اسلام آباد مورخہ 8 دسمبر 2022 کے ذریعے دی گئی اور سرکل رجسٹرار کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کو بھی بذریعہ لیٹر مورخہ 8 دسمبر 2022 مطلع کیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ ممبران کو اجلاس عام کی اطلاع SMS کے ذریعے بھی دی گئی۔ ممبران کی AGM میں شرکت اور سہولت کے پیش نظر سوسائٹی ہیڈ آفس ملٹی مینشن G-8 مرکز اسلام آباد، GPO صدر راولپنڈی اور GT روڈ بیریئر نمبر 3 واہ کینٹ سے گاڑیوں کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔

اجلاس عام میں سوسائٹی کے **5015** ممبران نے شرکت کی جن کی حاضری شیٹوں پر حاضری لگوائی گئی۔ ممبران کو سوسائٹی کی سالانہ آڈٹ رپورٹ بمعہ آمدن و اخراجات مالی سال 2021-2022 جو کہ رجسٹرار کوآپریٹو ICT اسلام آباد کے نامزد آڈیٹر میسرز طاہر صدیقی اینڈ کو لاہور نے تیار کی تھی اور بجٹ مالی سال 2022-2023 کی طبع شدہ کاپیاں پیش کی گئیں۔

**2)**۔ اجلاس کی صدارت سوسائٹی کے صدر جناب محمد اسلم راؤ نے کی۔ اجلاس میں ممبران کے علاوہ انتظامیہ کمیٹی کے ارکان۔ انجینئرنگ ایڈوائزر۔ سوسائٹی سٹاف۔ کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ ICT کے نامزد انسپکٹر سراج الحق لون۔ سوسائٹی کی سکیموں B-17-F-17-E-11 اور ROS کے کنسلٹنٹس۔ کنٹریکٹرز۔ ڈویلپرز۔ ٹیکس/اکاؤنٹس کنسلٹنٹ۔ رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹس۔ میڈیا کے نمائندوں کے علاوہ علاقے کی سیاسی و سماجی شخصیات نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کا ایجنڈہ حسبِ ذیل تھا۔

(1) تلاوت کلام پاک۔ (2) صدر کا خطبہء استقبالیہ (3) سوسائٹی کی کارکردگی رپورٹ (4) کاروائی گذشتہ اجلاس عام منعقدہ 22-12-2021 کی توثیق (5) ممبران کے داخلے اور خروج کی توثیق۔ (6) آڈٹ رپورٹ سال 2021-2022 اور بجٹ مالی سال 2022-2023 کی منظوری۔ (7) مختلف افراد۔ کمپنیوں۔ ڈویلپرز کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹس کے ساتھ سوسائٹی کے منصوبوں پر عمل درآمد کے سلسلے میں کئے گئے نئے، ترمیمی اور توسیعی معاہدوں کی تفصیل اور ان کی منظوری۔ (8) سوسائٹی میں نئے ملازمین کی تقرری، پرموشن اور برخاستگی کی منظوری۔ (9) سوسائٹی کی مختلف سکیموں کے لئے اراضی کے تبادلہ اور خرید کی گئی اراضی و قبضہ اور آبادیوں اور لینڈ سکیپنگ کے لئے کئے گئے معاہدوں اور ادا کی گئی رقوم کی تفصیل اور ان کی منظوری۔ (10) تمام سکیموں میں کئے گئے ڈویلپمنٹ، کنسٹرکشن کے کاموں۔ ترقیاتی کاموں کی مد میں ادا کردہ بلز، سروس چارجز اور سکیموں میں توسیع بشمول ملٹی کلب میں سٹاف بلڈنگ تعمیر کرنے کی منظوری۔ (11) تمام سکیموں میں فروخت کئے گئے رہائشی، کمرشل، شاپنگ سنٹر، ہسپتال، سکول، اپارٹمنٹ، مکس یوز ڈویلپمنٹ پلاٹوں اور ان کی قیمت کی منظوری۔ (12) تمام سکیموں کے رہائشی اور کمرشل پلاٹوں کی قیمتوں میں کئے گئے اضافے کی منظوری۔ (13) تمام سکیموں میں زمینی حالات کے تحت پلاٹ سائز میں کمی بیشی، سائز اور پلاٹ وغیرہ کی تبدیلی کی منظوری (14) تمام سکیموں کے لے آؤٹ پلان کی منظوری کی توثیق۔ (15) رہائشی اور کمرشل پلاٹ کے واجبات ادا نہ کرنے والے ممبران کے پلاٹ منسوخ کرنے کی منظوری۔ (16) سوسائٹی کی موجودہ اور نئی سکیم کی سیکورٹی کے لئے گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی خریداری کی منظوری۔ (17) سوسائٹی کی طرف سے اب تک ادا کئے گئے تمام Rebate / پریمیم کی منظوری۔ (18) ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 کے ممبران کے لئے کمیونٹی سنٹر کی تعمیر کی منظوری۔ (19) وقفہ سوالات۔ (20) دیگر کسی بھی مسئلہ پر صدر سوسائٹی کی پیشگی منظوری سے گفتگو۔ (21) اجلاس کے اختتام پر تناول ماحضر۔

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD) MPCHS ISLAMABAD

Multi Mansion, G-8 Markaz, Islamabad.
UAN: 051-111-631-632 Fax: 2850641 Website: www.mpchs.com, E-mail: info@mpchs.com

Scanned with CamScanner

3)۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سوسائٹی کے ایگزیکٹو ممبر کرنل (ر) محمد سلیم نے انجام دیئے۔انھوں نے معزز ممبران کو اجلاس میں شرکت کرنے پر خوش آمدید کہا اور صدر کی منظوری سے اجلاس کا باقاعدہ آغاز کیا۔تلاوت کلام پاک اور ترجمہ کی سعادت B-17 سکیم کی جامع مسجد حضرت ابوبکر صدیقؓ کے خطیب مفتی شجاع الرحمٰن صاحب نے حاصل کی۔تلاوت کلام پاک کے بعد نعت رسول مقبول ﷺ ذیشان عامر نے پیش کی۔جس کے بعد اسٹیج سیکرٹری نے صدر جناب محمد اسلم راؤ سے درخواست کی کہ وہ خطبہ استقبالیہ اور سوسائٹی کے دیگر اہم معاملات پر پیش رفت اور درپیش مشکلات کی تفصیلات سے ایوان کو آگاہ کرنے کیلئے تشریف لائیں۔

4)۔ صدر نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج سوسائٹی کے 35 ویں سالانہ اجلاس عام میں تشریف لانے والے تمام معزز مہمانان گرامی کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتا ہوں۔انہوں نے ممبران کی بے پناہ مصروفیات ۔ورکنگ ڈے کے باوجود اتنی بڑی تعداد میں اس تقریب کی اہمیت کے پیش نظر تشریف لانے پر سب کا شکریہ ادا کیا۔اپنی تقریر کے آغاز سے قبل انہوں نے سیکورٹی منیجر نثار احمد کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا اور انکی روح کے ایصال ثواب کے لئے سب سے دعا کرائی اور ان کی خدمات کے اعتراف میں ان کے بیٹے کو شیلڈ اور مبلغ 10 لاکھ روپے بطور مالی امداد پیش کئے۔

خواتین و حضرات!

اس میٹنگ کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ آپ کی کمیٹی نے جو بھی گزشتہ ایک سال میں اہم فیصلے کئے ہیں وہ آپ کی منظوری کیلئے پیش کئے جائیں۔اس کا دوسرا اہم پہلو یہ ہے کہ میٹنگ کے ایجنڈے میں ہر سال کی طرح وقفہ سوالات بھی ہوتا ہے جس میں ممبران اپنے تحفظات اور شکایات پیش کر سکتے ہیں اور اگر وہ مناسب سمجھیں تو سوسائٹی کی کارکردگی پر تنقید بھی ہو سکتی ہے۔اس ساری کاروائی سے آپ کی کمیٹی کو سوسائٹی کے معاملات صحیح سمت پر چلانے اور اپنی غلطیوں سے سبق سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔اگر حاضرین اپنے خیالات کا کھل کر اظہار کریں تو ہماری کارکردگی ضرور بہتر ہوگی۔ اب میں اپنی تقریر میں صرف چند اہم ڈویلپمنٹ کا مختصر جائزہ پیش کروں گا۔

خواتین و حضرات! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے بلاک A اور B، ICT کی حدود میں آتے ہیں۔حدود کے تعین کے بعد سابقہ منظور شدہ لے آؤٹ پلان (LOP) کارآمد نہ رہا۔جس کی نئے سرے سے منظوری کیلئے انتھک کوشش کی گئی۔CDA کے تمام تقاضے پورے کرنے کے باوجود یہ معاملہ تاخیر کا شکار رہا۔الحمدللہ انتظامیہ کی بے پناہ کاوشوں کے بعد لے آؤٹ پلان (LOP) کی منظوری حاصل کر لی گئی جو موجودہ انتظامیہ کی ایک بہت بڑی کامیابی ہے۔صدر نے اس کامیابی کیلئے B-17 کے تمام ممبران کو مبارکباد دی جسے حاضرین نے سراہا اور اس کامیابی پر بے پناہ خوشی کا اظہار کیا۔

صدر نے کہا کہ ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے وہ بلاک جو موٹروے M-1 کے ساتھ منسلک ہیں NHA نے 150 فٹ کا رائٹ آف وے (ROW) جس کی لمبائی موٹروے کے ساتھ تقریباً دو سے اڑھائی کلومیٹر ہے۔اپنے قانون کے تحت خالی رکھوایا ہے جہاں ان کی اجازت کے بغیر کسی قسم کی تعمیر نہیں ہو سکتی۔اس پوری ROW کو گرین بیلٹ کے لئے مختص کر دیا گیا ہے۔جہاں واکنگ، جوگنگ کے ٹریک، بچوں کی تفریح کا سامان اور گرین پارک بنا دیئے جائیں جس سے نہ صرف جرائم کی روک تھام ہوگی بلکہ ممبران کو سیر و تفریح کی جگہ بھی میسر ہوگی۔سکیم میں پانی کی سپلائی کے لئے بلاک G میں ٹیوب ویل لگائے گئے ہیں G بلاک کے اللہ والے چوک تک رائزنگ مین لائن بچھا دی گئی ہے جسے بلاک A اور بلاک B تک توسیع دی جائے گی۔اس کا کنٹریکٹ ایوارڈ کر دیا گیا ہے۔ابتدائی طور پر بلاک C میں پانی کی لائنیں بچھا دی گئی ہیں۔انشاءاللہ دو ہفتے بعد پانی کی سپلائی شروع کر دی جائے گی۔بلاک D میں گرڈ اسٹیشن کے عقب میں پانی کا انڈر گراؤنڈ ٹینک بنایا جا رہا ہے جس سے بلاک A،B،C اور E کو پانی سپلائی کیا جائے گا۔بلاک D میں پانی کے بڑے ذخائر کی نشاندہی ہوئی ہے جہاں 2 ٹیوب ویل کی بورنگ کا آرڈر دے دیا گیا ہے۔کامیابی کی صورت میں یہ پانی سکیم کے باقی تمام بلاکوں میں سپلائی ہوگا۔علاوہ ازیں وافر مقدار میں اضافی پانی کے حصول کے لئے ایک منصوبے پر بھی کام ہو رہا ہے۔جس کی کامیابی کی صورت میں سوسائٹی کی کسی بھی سکیم میں پانی کی قلت نہیں رہے گی۔ملٹی پرپز گراؤنڈ کو مختلف ٹائمنگ کے مطابق خواتین و حضرات کے لئے مختص کر دیا گیا ہے جہاں سیکورٹی گارڈز بھی تعینات ہونگے۔مین گیٹ پر E ٹیگ سسٹم متعارف کرایا ہے جسے وقت کے ساتھ ساتھ مزید بہتر بنایا جائے گا۔پوری سکیم میں جہاں جہاں خاردار تاریں نہیں ہیں وہاں مکمل کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔

Scanned with CamScanner

**خواتین وحضرات!** سکیم میں سوئی گیس کی پائپ لائنیں محکمانہ مجبوریوں کی وجہ سے تاخیر کا شکار ہوئیں۔ اب پائپ لائن مل چکی ہیں جن کی تنصیب کا کام فوری طور پر شروع کر دیا جائے گا۔ بجلی کے تمام مسائل یہاں تک کہ جو کام واپڈا نے کرنے تھے سوسائٹی نے مکمل کرائے ہیں۔ باقی تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ جہاں جہاں ضرورت تھی سڑکوں اور گلیوں کی کارپٹنگ کرائی گئی ہے۔ حسب ضرورت سیکورٹی کیمرے لگوادیے گئے ہیں، سیکورٹی گارڈ، موبائل سیکورٹی کیلئے اضافی گاڑیاں سیکورٹی سٹاف کو مہیا کر دی گئی ہیں۔ چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کی روک تھام صرف اس صورت میں ممکن ہے جب سکیم میں رہائشی تعاون کریں گے۔

خواتین وحضرات! میں ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ آپ اس میٹنگ کے لئے تشریف لائے۔ میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہم ہر حال میں آپ کے اعتماد پر پورا اترنے کی کوشش کرتے رہیں گے۔ میں اپنے رفقاء، اور دیگر دوست جو ہماری اس کوشش میں ہمارے ساتھ شامل ہیں ان سب کا شکرگزار ہوں کہ وہ بڑے خلوص اور محنت سے اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ اور سوسائٹی کے وقار اور بہتری کے لئے کام کرتے ہیں۔ مجھے امید ہے اور میری دعا ہے کہ جب آپ کی مینجمنٹ رخصت ہو تو آپ کی سوسائٹی کو سب لوگ ایک ماڈل Institution کی نظر سے دیکھیں۔ مجھے یہ بھی یقین ہے کہ آپ اس کوشش میں ہم سے بھرپور تعاون کرتے رہیں گے۔ اللہ ہم سب کو اپنے حفظ وامان میں رکھے! اس کے بعد صدر نے تمام قراردادوں کی ایوان سے منظوری حاصل کی۔ ایوان نے تمام قراردادوں کی علیحدہ علیحدہ منظوری دی۔ لوگوں نے بھرپور تالیاں بجا کر صدر کی تقریر کو سراہا۔

5)۔ اس کے بعد اسٹیج سیکرٹری نے جنرل سیکرٹری چوہدری ندیم سرور کو خطاب کی دعوت دی، جنرل سیکرٹری نے سالانہ اجلاس عام میں اپنی اور پوری انتظامیہ کمیٹی کی طرف سے سوسائٹی کی تمام سکیموں کے ممبران کو خوش آمدید کہا اور اجلاس میں شرکت کرنے اور سوسائٹی کے معاملات میں دلچسپی لینے پر معزز ممبران کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹ۔ ڈویلپرز۔ اپنے سٹاف اور تمام عملے کو مبارک باد دی کہ انہوں نے بہت لگن اور محنت سے اس AGM کے انتظامات کو مکمل کیا۔ انہوں نے امجد علی اعوان ایگزیکٹو ممبر کے والد کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ اسکے بعد جنرل سیکرٹری نے کہا کہ آج کے سالانہ اجلاسِ عام کا انعقاد <u>ملٹی گارڈنز B-17 سکیم</u> میں اس لئے کیا گیا ہے تا کہ آپ سب سکیم کے خوبصورت اور دیدہ زیب ماحول کے ساتھ ساتھ ترقیاتی کام کے معیار کو خود ملاحظہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ E-11/1 اور E-11/3 ہر لحاظ سے مکمل اور آباد ہیں۔ E-11/1 کی گلی نمبر 12 اور E-11/3 کی گلی نمبر 75 میں فنس لگائی گئی ہے۔ کرب سٹون پر پینٹ شروع ہے اس کے بعد ٹرانسفارمر اور سٹریٹ سائن بورڈ پر بھی رنگ و روغن کیا جائے گا۔ سیکٹر E-11/1 میں گیس کے پریشر کا مسئلہ جلد حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 میں مکینوں کی سہولت کیلئے خوبصورت مساجد، فلٹریشن پلانٹ۔ تجارتی مراکز، زیرزمین بجلی، اسٹریٹ لائٹس، سوئی گیس، پارک بچوں کے جھولے 24 گھنٹے سیکورٹی انتظامات، CCTV کیمرے فعال ہیں اور ان کی تعداد بھی بڑھا دی گئی ہے غرض یہ کہ ضروریات زندگی کی تمام تر سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔ سٹریٹ نمبر 23 میں نیا فلٹریشن پلانٹ لگایا گیا ہے۔ پانی کی سٹوریج کیلئے جھیلوں کی صفائی کرائی گئی ہے۔ باؤنڈری وال کے ساتھ سرچ لائٹیں لگائی گئی ہیں اور مرمت کا کام بھی کیا گیا ہے۔ 2 عدد چیک پوسٹیں بنائی گئی ہیں اور مختلف جگہوں پر نئے کیمرے لگائے گئے ہیں۔ سیکورٹی کے پیش نظر میں گیٹ پر سکینر سسٹم اور کیمرے لگائے گئے ہیں۔ پارکوں میں ڈسٹ بین اور بچوں کیلئے نئے جھولے لگائے گئے ہیں۔ کمرشل ایریا میں پودے پارکنگ کے لئے لائنیں اور ٹریفک کی روانگی کیلئے سٹاپر لگائے گئے ہیں۔ سیکٹر کے مختلف چوکوں میں زیبرا کراسنگ اور ان پر Cat Eyes لگائے گئے ہیں۔ انٹرنیٹ کیلئے PTCL اور فائبر لنک بچھانے والی کمپنی کو ہائر کیا گیا اس کیلئے انڈر گراؤنڈ لائنوں کی تنصیب کی گئی ہے جبکہ F-17 کے ممبران کے لئے سب سے بڑی خوشخبری یہ ہے کہ جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سب سے بڑے کمیونٹی کلب کی تعمیر کا کام شروع ہو چکا ہے۔ جس پر تالیاں بجا کر خوشی کا اظہار کیا گیا۔

جنرل سیکرٹری نے کہا کہ ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم کے ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ تمام بلاکس میں بجلی کی مینٹی ننس کا کام کیا جا رہا ہے۔ بلاک D اور بلاک E کیلئے بجلی کی تنصیب کا کام جاری ہے۔ واٹر سپلائی اور مزید ٹیوب ویل لگائے جا رہے ہیں۔ سکیم کی خوبصورتی کے لئے لینڈ سکیپنگ پہلی ترجیح ہے۔ ملٹی کلب کی بلڈنگ، سڑکیں اور لینڈ سکیپنگ کا کام آخری مراحل میں ہے۔ سیکورٹی کے لئے واکی ٹاکی وائرلیس سسٹم اور CCTV کیمروں کی مینٹی نینس اور نئے کیمرے لگائے گئے ہیں۔ پارکوں میں نئے جھولے لگائے جا رہے ہیں۔ واچ ٹاور اور چیک پوسٹوں کی تعمیر شروع ہے۔ گاربیج اور سولڈ ویسٹ مینجمنٹ پلانٹ فعال ہیں۔ ممبران کی سہولت کیلئے سائیٹ آفس 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔ سکیم میں ایک وسیع قبرستان پر کام کیا جا رہا ہے جس میں مزید توسیع کی جائیگی۔

Scanned with CamScanner

ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کے بارے میں جنرل سیکرٹری نے بتایا کہ یہ سکیم پاکستان میں ایک منفرد حیثیت رکھتی ہے۔ سکیم میں سیوریج، ڈرینج، زیرزمین بجلی، سوئی گیس اور کشادہ سڑکوں کے علاوہ پارک ہسپتال، مارکی، تعلیمی ادارے، کمرشل مرکز، تفریحی سہولیات جن میں فٹ بال اور کرکٹ گراؤنڈ کی سہولیات ممبران کو میسر ہیں جن میں کھیلوں کی سرگرمیاں جاری ہیں۔ قبرستان میں فٹ پاتھ اور ٹف ٹائل کا کام شروع ہے۔ سائن بورڈ اور سٹکرز کا کام جاری ہے۔ بلاک A میں مسجد کی تعمیر جلد شروع کر رہے ہیں بلاک C اور D میں بجلی کا انڈر گراؤنڈ کام جاری ہے۔ مین گیٹ پر سپیڈ بریکر لگائے گئے ہیں۔ سکیم کی خوبصورتی کیلئے لینڈ سکیپنگ کی گئی ہے۔ 2023 میں مزید لینڈ سکیپنگ کی جائے گی۔

**جنرل سیکرٹری نے کہا کہ** سوسائٹی کی انتظامیہ کمیٹی کے لیے الیکشن مارچ 2023 میں ہونے جا رہے ہیں۔ اس ضمن میں آپ سے پہلی درخواست تو یہ ہے کہ آپ اس الیکشن میں حصہ لیں اور کمیٹی کے ممبر بنیں اور دوسری درخواست یہ ہے کہ آپ الیکشن کی تاریخ پر ووٹ ڈالنے کے لیے ضرور آئیں تاکہ آپ سوسائٹی کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے سوسائٹی کے جملہ معاملات اور خصوصی طور پر سالانہ اجلاس عام کو خوبصورت انداز میں منعقد کرانے پر سوسائٹی سٹاف کی تعریف کی جنہوں نے دن رات محنت کر کے تمام سکیموں کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ آخر میں جنرل سیکرٹری نے ایک بار پھر ممبران کا اجلاس عام میں اتنی بڑی تعداد میں شرکت پر شکریہ ادا کیا۔ ممبران نے جنرل سیکرٹری کے خطاب کو سراہا اور تالیاں بجا کر بھرپور داد دی۔

6)۔ جنرل سیکرٹری کے خطاب کے بعد وقفہ سوالات شروع ہوا جو تقریباً 20 منٹ تک جاری رہا۔ سیکٹر E-11 ۔ F-17 ۔ B-17 ۔ ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کے ممبران نے سوسائٹی کے معاملات کے بارے میں مختلف سوالات کئے جن میں سوسائٹی کی تمام سکیموں کے اجتماعی اور ذاتی نوعیت کے سوالات۔ تجاویز اور مطالبات پیش کئے۔ جس میں سوئی گیس، مسجد، ٹرانسپورٹ کے علاوہ پلاٹوں کے قبضہ وغیرہ سے متعلق سوالات شامل تھے۔

ملٹی گارڈنز B-17 سکیم ویلفیئر کمیٹی کے صدر سلطان محمد ممبر شپ نمبر MG-15989، مکان نمبر H-102 بلاک B-Ext نے کہا کہ ہماری سکیم میں زیادہ تر کام مکمل ہو چکے ہیں۔ جو کام رہ گئے ہیں وہ بھی مکمل کئے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ کمیٹی نے اپنے Tenure میں اچھا کام کیا ہے اب ہم آپ کو خدا حافظ کہتے ہیں اور نئے لوگوں کو کہتے ہیں کہ وہ الیکشن میں آگے آئیں۔

ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کی ویلفیئر کمیٹی کے صدر ڈاکٹر نواز لالی ممبر شپ نمبر MG-2064 پلاٹ نمبر 852 بلاک B نے برملا اقرار کیا کہ اس سال سوسائٹی کی طرف سے جو ترقیاتی کام کرائے گئے وہ ایک ریکارڈ ہے انہوں نے کہا کہ گلے شکوے تو ہوتے رہیں گے۔ انہوں نے کامیاب AGM کے انعقاد پر کمیٹی کو مبارکباد پیش کی اور سائٹ آفس کے سٹاف کو شاباش دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کلب کی تکمیل پر شکر گزار ہیں اس سلسلے میں درخواست ہے کہ کلب کی ممبر شپ فیس مناسب رکھیں تاکہ تمام رہائشی ممبران آسانی سے ممبر شپ حاصل کر سکیں۔ ہماری سکیم میں صرف سرکاری ہسپتال کی کمی ہے اگر سوسائٹی ہسپتال کا پلاٹ مہیا کر دے تو گورنمنٹ سے تعمیر کی کوشش ہم ممبران خود کر لیں گے۔

مسماۃ صوفیہ عندلیب ممبر شپ نمبر MG-4714 نے کہا کہ سکیم کے اندر ٹرانسپورٹ کا انتظام نہیں ہے اس کا انتظام کیا جائے اور سکیم کے اندر سیکورٹی کو بہتر کیا جائے۔ اکرام اللہ ممبر شپ نمبر MG-7337 نے کہا کہ واپڈا کے ٹرانسفارمر اور کیبل کھلی پڑی ہیں کسی وقت بھی کوئی حادثہ ہو سکتا ہے انہیں انڈر گراؤنڈ کیا جائے۔ محمد طارق افسر ممبر شپ نمبر MG-1937 بلاک D نے کہا کہ پلاٹ کا قبضہ نہیں ملا۔ محمد اعظم ممبر شپ نمبر MG-9624 نے کہا کہ میں نے 2012 میں پلاٹ لیا تھا مگر بلاک D کا ابھی تک قبضہ نہیں ملا۔ آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کے غلام مصطفیٰ ممبر شپ نمبر ROS-778 نے کہا کہ سکیم میں ٹرانسپورٹ کا نظام بند ہو گیا ہے اور مسجد رہائش سے کافی دور ہے جو رہائشیوں کے لئے بہت بڑا مسئلہ ہے اسے فوری حل کیا جائے۔ ممبر شپ نمبر MG-3026 کے محمد نور نے کہا کہ پلاٹ نمبر 2054 بلاک D کا قبضہ دیا جائے۔

جنرل سیکرٹری اور صدر نے تمام سوالات کے دلائل کے ساتھ جوابات دیئے اور مسائل کو فوری حل کرنے کی یقین دہانی کرائی جن ممبران نے قبضہ نہ ہونے کی شکایت کی انہیں فوری دفتر سے رجوع کرنے کی ہدایت کی گئی۔ جنرل سیکرٹری نے مزید کہا کہ زمین کی خریداری کے عمل کو مزید تیز کیا جائے گا تاکہ وہ ممبران جو فوری طور پر گھر تعمیر کرنا چاہتے ہیں انہیں باقبضہ یا متبادل پلاٹ دیا جا سکے۔

**7)۔ ممبران کے مطمئن ہونے اور وقفہ سوالات ختم ہونے کے بعد مزید کاروائی ایجنڈے کے مطابق عمل میں لائی گئی۔ صدر سوسائٹی نے مندرجہ ذیل قرار دادیں منظوری کیلئے ایوان میں پیش کیں تھیں۔** جنہیں متفقہ طور پر ممبران نے جوش و خروش کے ساتھ ہاتھ اٹھا کر منظور کیا۔

i)۔ اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول سے کیا گیا۔

ii)۔ صدر کا خطبہ استقبالیہ مکمل تفصیلی روئیداد پیرا نمبر 4 میں شامل ہے۔

Scanned with CamScanner

iii) ۔ سوسائٹی کی کارکردگی رپورٹ جنرل سیکرٹری نے پیش کی جس کی مکمل تفصیلی روئیداد پیرا نمبر 5 میں شامل ہے۔

iv) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر گزشتہ اجلاس عام منعقدہ مورخہ 22-12-2021 کی کاروائی کی توثیق/منظوری دی۔

v) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر سابقہ AGM مورخہ 22-12-2021 سے مورخہ 28-12-2022 تک داخل وخارج کیے گئے تمام رہائشی اور کمرشل ممبران کی توثیق/منظوری دی۔

vi) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر آڈٹ رپورٹ 2021-2022 بمعہ آمدن واخراجات اور بجٹ مالی سال 2022-2023 (آمدن مبلغ 13615.38 ملین روپے) اور اخراجات مبلغ 13582.79 ملین روپے) کی منظوری دی۔

vii) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر مختلف افراد۔کمپنیوں۔ڈویلپرز، کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹس کے ساتھ سوسائٹی کے منصوبوں پر عمل درآمد کے سلسلے میں کیے گئے نئے ترمیمی اور توسیعی معاہدوں کی منظوری دی۔

viii) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر مورخہ 28-12-2022 تک مختلف تنخواہوں بمع الاؤنسز پر کی گئی تمام سوسائٹی ملازمین کی تقرری، پروموشن اور برخاستگی کی منظوری دی۔

ix) ۔ سوسائٹی کی مختلف سکیموں کے لئے اراضی کے تبادلہ اور خرید کی گئی اراضی وقبضہ اور آبادیوں اور لینڈ سکیپنگ کیلئے کئے گئے معاہدوں اور ادا کی گئی جملہ رقوم کی منظوری دی۔

x) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کی تمام سکیموں میں کیے گئے ڈویلپمنٹ، کنسٹرکشن کے کاموں، ترقیاتی کاموں کی مد میں ادا کردہ بلز، سروس چارجز اور سکیموں میں توسیع بشمول ملٹی کلب میں سٹاف بلڈنگ کی تعمیر کی منظوری دی۔

xi) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر تمام سکیموں میں فروخت/الاٹ کیے گئے رہائشی، کمرشل، شاپنگ سنٹر، ہسپتال، سکول، پٹرول پمپ، اپارٹمنٹ اور مکس یوز ڈویلپمنٹ پلاٹوں بمع انکی قیمت کی منظوری دی۔

xii) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کی تمام سکیموں کے رہائشی اور کمرشل پلاٹوں کی قیمتوں میں کیے گئے اضافے اور سوسائٹی کی طرف سے مختلف اوقات میں سے بنائے گئے ادائیگی کے پیمنٹ شیڈول اور ملٹی گارڈنز سکیم فیز-ii کے ریٹس کی منظوری دی۔تفصیل درج ذیل ہے۔

**ملٹی گارڈنز سکیم فیز-ii (رہائشی) پلاٹ کی قیمت بمع ڈویلپمنٹ چارجز ( Cost of Plot )**

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 5460000 | 20073 | 35x70 | (iii) | 4160000 | 20800 | 30x60 | (ii) | 3060000 | 22014 | 25x50 | (i |
| 16,960,000 | 16960 | 75x120 | (vi) | 8960000 | 17920 | 50x90 | (vi) | 6760000 | 18988 | 40x80 | (iv |

xiii) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر تمام سکیموں کے لے آؤٹ پلان کی منظوری کی توثیق اور زمینی حالات کے تحت پلاٹ سائز میں کمی بیشی، سائز اور پلاٹ وغیرہ کی تبدیلی کی منظوری دی۔

xiv) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر کمرشل، ہائی رائز، اپارٹمنٹ، سکول، ہسپتال اور رہائشی پلاٹوں کے واجبات ادا نہ کرنے والے ممبران کے پلاٹ منسوخ/کینسل کرنے کی منظوری دی۔

xiv) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کی موجودہ اور نئی سکیم کی سیکورٹی کے لئے گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی خریداری کی منظوری۔

xvi) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کی طرف سے زمینوں، قبضوں اور آبادیوں پر اب تک دائے گئے تمام کمیشن، Rebate/ پریمیم کی منظوری۔

xvii) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 کے ممبران کے لئے کمیونٹی سنٹر تعمیر کرنے کی منظوری۔

xviii) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر سابقہ AGM مورخہ 22-12-2021 سے لے کر اب تک تمام سکیموں میں سوسائٹی کیلئے کیے گئے بزنس۔ بجلی، گیس، پانی کے لئے بورزمینوں کے تحفظ کے لئے ٹرانسپورٹ کی فراہمی/خریداری۔ترقیاتی کاموں کی مد میں ادا کردہ بلز، سروس چارجز اور دیگر تمام معاملات/اخراجات کی منظوری دی۔

xix) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر تمام سکیموں میں اب تک ٹرانسفر کیے گئے رہائشی، کمرشل، ہائی رائز، اپارٹمنٹ، سکول، ہسپتال کے پلاٹوں کی منظوری دی۔

xx) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر میسرز حساس کنسٹرکشن کمپنی کی سیکورٹی کی رقم کی پلاٹوں میں ایڈجسٹمنٹ کی منظوری دی۔

xxi) ۔ ایوان نے متفقہ طور پر ممبران سے سالانہ فیس مبلغ -/4000 روپے اور ممبر شپ فیس مبلغ -/20,000 روپے لینے کی منظوری۔

Scanned with CamScanner

xxii)۔ ایوان نے متفقہ طور نئی سکیم ملٹی گارڈنز فیز-ii کے لئے اراضی خریدنے، نئی بکنگ شروع کرنے اور بکنگ پر ڈیلرز کو Incentive دینے کی منظوری دی۔

xxiii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کی طرف سے مختلف اوقات میں بنائے گئے ادائیگی کے پیمنٹ شیڈول کی منظوری دی۔

xxiv)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کی تمام سکیموں میں فائر فائٹنگ سسٹم کا نظام شروع کرنے اور سوسائٹی کی تمام سکیموں میں سیکیورٹی صورتحال کو مزید مئوثر بنانے کے لئے مختلف مقامات پر واچ ٹاور بنانے کی منظوری دی۔

xxv)۔ ایوان نے متفقہ طور پر کینسل فائلیں فائل ریٹ کے مطابق بحال/الاٹ کرنے اور سوسائٹی کی تمام سکیموں میں واجبات کی Settlement کی منظوری دی۔

xxvi)۔ ایوان نے متفقہ طور پر موٹروے M-1 کے ساتھ F بلاک سے ملحقہ NHA کے رائٹ آف وے (ROW) کو گرین بیلٹ بنانے۔ ملٹی گارڈنز سکیم فیز-i میں ایمرجنسی کے لئے ٹیوب ویل پمپ لینے، بلاک D میں زیر زمین پانی کی نشاندہی کے مقامات پر ٹرائیل بورنگ اور کامیابی کی صورت میں ٹیوب ویل لگانے۔ بلاک C کے گھروں میں پانی کی سپلائی کیلئے لائنیں بچھانے۔ جبکہ بلاک G سے پانی کی مین رائزنگ لائن بلاک A اور B تک بچھانے۔ گرڈ اسٹیشن کے عقب میں انڈر گراؤنڈ پانی کا ٹینک بنانے اور مذکورہ بالا تمام کاموں پر آنے والے اخرجات کی منظوری دی۔

xxvii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر کمرشل پلاٹس بذریعہ بڈز فروخت کرنے اور بچ جانے والے کمرشل پلاٹ اسی تسلسل میں الاٹ کرنے کی منظوری۔

xxviii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر پرنٹ میڈیا میں اشتہارات، نیوز لیٹر، آڈٹ رپورٹ، نقشہ جات، فائل کور اور سٹیشنری وغیرہ کے اخراجات کی منظوری دی۔

xxix)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سیکورٹی منیجر نثار احمد کے انتقال پر مبلغ 10 روپے کا کیش چیک اور ملٹی گارڈنز سکیم فیز-ii مین چکری روڈ راولپنڈی میں جاں بحق ہونے والے 3 افراد کے وارثان کو مبلغ 50 لاکھ روپے فی کس کے حساب سے مالی امداد دینے کی منظوری دی۔

xxx)۔ ایوان نے متفقہ طور پر مختلف کمپنیوں۔ افراد، کنسلٹنٹ اور ڈویلپرز کے ساتھ کئے گئے معاہدوں جن میں (i) میسرز نیو اسلام آباد نرسری پتوکی سے پلانٹیشن، لینڈ سکیپنگ۔ پروگرام سپرنگ 2022 کا معاہدہ مورخہ 11-01-2022۔ (ii) میسرز E گارڈز راولپنڈی سے ٹیلی گارڈنز میں صفائی ستھرائی کا ترمیمی ریٹ پر معاہدہ مورخہ 14-01-2022۔ (iii) میسرز فائبر لنک پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی سے ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کیلئے انٹرنیٹ وغیرہ کا معاہدہ مورخہ 19-01-2022۔ (iv) میسرز چاغی انٹر پرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ سے تمام سکیموں میں گیس سپلائی ترمیمی ریٹ پر معاہدہ مورخہ 27-01-2022۔ (v) PTCL اسلام آباد سے ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے لئے انٹرنیٹ، وڈیو اینڈ وائس سروس کے لئے معاہدہ مورخہ 11-03-2022۔ (vi) PTCL اسلام آباد کو E-11 میں اپنے نیٹ ورک کے لئے جگہ دینے کا معاہدہ مورخہ 17-03-2022۔ (vii) میسرز گرین ویو نرسری فارم پتوکی ملٹی گارڈنز B-17 سکیم میں لیز ایگریمنٹ ترمیمی ریٹ کا معاہدہ مورخہ 05-04-2022۔ (viii) میسرز MKZ نیٹ ورک لاہور سے B-17 بلاک E میں اور ہیڈ پر ٹاور لگانے کا معاہدہ مورخہ 12-04-2022۔ (ix) میسرز حساس کنسٹرکشن پرائیویٹ لمیٹڈ سے B-17 کے ترقیاتی کاموں کے لئے کئے گئے ترمیمی ریٹ کا معاہدہ مورخہ 22-04-2022۔ (x) میسرز ضرار اینڈ کو ڈویلپر پرائیویٹ لمیٹڈ راولپنڈی سے B-17 بلاک F کی مسجد حضرت علیؓ کے ایلومونیم کھڑکیاں روشندان اور دروازے وغیرہ لگانے کا معاہدہ مورخہ 11-05-2022۔ (xi) میسرز گلوبل ٹیکنالوجی پرائیویٹ لمیٹڈ سے سوسائٹی کی سکیموں میں سیکورٹی کے لئے ٹرنک ریڈیو سروس کا معاہدہ مورخہ 25-05-2022۔ (xii) میسرز نیو اسلام آباد نرسری پتوکی سے لینڈ سکیپنگ، پلانٹیشن پروگرام مون سون 2022 کا معاہدہ مورخہ 27-07-2022۔ (xiii) میسرز صفا انجینئرنگ اینڈ ورک پرائیویٹ لمیٹڈ اسلام آباد سے ملٹی گارڈنز فیز- ii کے ترقیاتی کاموں کے لئے کرائے پر ہیوی مشینری حاصل کرنے کا معاہدہ مورخہ 18-10-2022۔ (xiv) فرنٹیئر کنسٹیبلری سیکیورٹی سروس سے ملٹی گارڈنز فیز-ii کے لئے سیکیورٹی سروسز مہیا کرنے کا معاہدہ مورخہ 25-11-2022 شامل ہیں کی منظوری دی۔

**نیز ایوان نے متفقہ طور پر مورخہ 22-12-2021 سے لے کر آج تک ہونے والے دیگر تمام نئے، ترمیمی، توسیعی اور اضافی معاہدہ جات کی بھی منظوری دی۔**

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD) MPCHS ISLAMABAD

Scanned with CamScanner

8۔ ایجنڈہ آئٹم کی مکمل منظوری کے بعد رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹ یعقوب بلوچ نے بلیو لینڈ انٹر پرائز کی طرف سے سوسائٹی کے ایسے ملازمین جن کی تنخواہ 40ہزار سے کم تھی ان کے لئے 3 عدد موٹر سائیکلز اور 10 ہزار روپے کے 10 عدد کیش انعامات بذریعہ قرعہ اندازی دیئے گئے ۔ جس کے بعد سٹیج سیکرٹری نے صدر جناب محمد اسلم راؤ کی اجازت سے اجلاس کے اختتام کا اعلان کیا۔حسب پروگرام ممبران نے ظہرانہ تناول فرمایا۔ پورے ایوان نے اجلاس عام (AGM) کے لئے مثالی اور خوبصورت انتظامات ۔ممبران کو اسلام آباد/ راولپنڈی کے مختلف حصوں سے لانے اور لے جانے کے لئے ٹرانسپورٹ کے اہتمام ۔ اجلاس کے دوران سیکیورٹی کے انتظامات ۔ پارکنگ کے نظام اور کھانے کے معیار کی دل کھول کر داد دی ۔اجلاس کے دوران نظم وضبط مثالی رہا جس کا ممبران نے برملا اعتراف کیا۔کھانے کے لئے خواتین ۔ بچے اور بزرگ ممبران کے لئے علیحدہ انتظام موجود تھا جسے بے حد سراہا گیا۔

9۔ ممبران نے ملٹی کی سکیموں میں جاری ڈویلپمنٹ کے کام کے معیار کا تفصیلی جائزہ لیا اور انتظامیہ کمیٹی پر اپنے مکمل اعتماد کا اعادہ کیا انہوں نے سوسائٹی انتظامیہ کی کوششوں کو خصوصی طور پر سراہا اور زبردست تالیوں کی گونج میں بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔

**آپ کا پر خلوص**

**محمد اسلم راؤ**
صدر ملٹی سوسائٹی

**چوہدری ندیم سرور**
جنرل سیکرٹری، سوسائٹی

**چوہدری ظفر علی**
نائب صدر، سوسائٹی

MPCHS
ISLAMABAD

**کاپی برائے!**

i۔ تمام ممبران ملٹی سوسائٹی سیکٹر E-11- سیکٹر F-17۔B-17، ملٹی گارڈنز فیز۔ii اور ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز سکیم۔

ii۔ سرکل رجسٹرار کوآپریٹو ICT، F-8 مرکز اسلام آباد۔

Scanned with CamScanner